# خلاف توقع طبی بلز کے خلاف آپ کے حقوق اور حفاظتیں

**کسی اندرون از نیٹ ورک اسپتال یا ایمبولیٹری سرجیکل سینٹر پر کسی بیرون از نیٹ ورک فراہم کنندہ کی جانب سے آپ کے ہنگامی نگہداشت یا علاج حاصل کرنے پر، بیلنس بلنگ سے آپ کی حفاظت کی جاتی ہے۔ ایسی صورتوں میں، آپ کو اپنے منصوبے کی مشترکہ ادائیگیوں، مشترکہ انشورنس اور/یا قابل منہا رقم سے زیادہ چارج نہیں کیا جائے گا۔**

## "بیلنس بلنگ" (جسے کبھی کبھار "خلاف توقع بلنگ" بھی کہا جاتا ہے) کیا ہے؟

آپ کے کسی ڈاکٹر یا دیگر نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے ملنے پر، آپ پر مشترکہ ادائیگیوں، مشترکہ انشورنس، یا قابل منہا رقم جیسے کچھ براہ راست اخراجات واجب الادا ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کسی ایسے فراہم کنندہ سے ملتے ہیں یا ایسے نگہداشت صحت کے مرکز جاتے ہیں جو آپ کے منصوبۂ صحت کے نیٹ ورک میں شامل نہیں ہے تو آپ کے اضافی اخراجات ہو سکتے ہیں یا آپ کو پورا بل ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔

"بیرون از نیٹ ورک" سے مراد وہ فراہم کنندگان اور مراکز ہیں جنہوں نے سروسز فراہم کرنے کے لیے آپ کے منصوبۂ صحت کے ساتھ معاہدے پر دستخط نہیں کیے۔ بیرون از نیٹ ورک فراہم کنندگان کو آپ کے منصوبے کی ادائیگی کی رقم اور سروس کے لیے چارج کی گئی مکمل رقم کے درمیان موجود فرق کے سلسلے میں آپ کو بل دینے کی اجازت ہو سکتی ہے۔ اسے **"بیلنس بلنگ"** کہتے ہیں۔ اس رقم کا یکساں سروس کے لیے اندرون از نیٹ ورک اخراجات سے زیادہ ہونے کا امکان ہوتا ہے اور اسے آپ کے منصوبے کی قابل منہا رقم یا سالانہ براہ راست ادائیگی کی حد میں شمار نہیں کیا جا سکتا۔

"خلاف توقع بلنگ" ایک غیر متوقع بیلنس بل ہوتا ہے۔ ایسا اس وقت ہوتا ہے جب آپ یہ کنٹرول نہ کر سکتے ہوں کہ آپ کی نگہداشت میں کون شامل ہے – جیسے کہ جب آپ کو ہنگامی صورتحال کا سامنا ہو یا جب آپ کا کسی اندرون از نیٹ ورک مرکز میں آنا طے ہو لیکن غیر متوقع طور پر آپ کا علاج کسی بیرون از نیٹ ورک فراہم کنندہ کی جانب سے کر دیا جائے۔ طریقہ کار یا سروس پر منحصر خلاف توقع طبی بلز کی لاگت ہزاروں ڈالرز ہو سکتی ہے۔

## آپ کو درج ذیل کے حوالے سے بیلنس بلنگ سے محفوظ بنایا گیا ہے:

**ہنگامی سروسز** اگر آپ کسی ہنگامی طبی عارضے میں مبتلا ہیں اور کسی بیرون از نیٹ ورک فراہم کنندہ یا مرکز سے ہنگامی سروسز حاصل کرتے ہیں تو وہ آپ کو جو زیادہ سے زیادہ بل دے سکتے ہیں وہ آپ کے منصوبے کی اندرون از نیٹ ورک لاگت کے اشتراک کی رقم ہوتی ہے (جیسا کہ مشترکہ ادائیگیاں، مشترکہ انشورنس، اور قابل منہا رقوم)۔ ان ہنگامی سروسز کے لیے آپ کو بیلنس بل **نہیں دیا جا سکتا**۔ اس میں آپ کے مستحکم حالت میں آنے کے بعد آپ کو ملنے والی سروسز شامل ہو سکتی ہیں، تاوقتیکہ آپ تحریری رضامندی فراہم کریں اور ان بعد از استحکام کی سروسز کے لیے بیلنس بل نہ دیے جانے کی حفاظتوں سے دستبردار ہو جائیں۔

2018 میں گورنر فل مرفی (Phil Murphy) کی جانب سے دستخط کردہ بیرون از نیٹ ورک مینڈیٹ، *(بیرون از نیٹ ورک صارفی تحفظ کی شفافیت، لاگت کی تحدید اور احتساب ایکٹ، P.L. 2018)* کے مطابق، ریاست نیو جرسی میں اسپتال کی خلاف توقع بلنگ کے حوالے سے حفاظتیں تمام مریضوں کے لیے دستیاب بنائی گئی ہیں۔ کوپر یونیورسٹی ہیلتھ کیئر مریضوں کے ہنگامی/غیر ارادی بیرون از نیٹ ورک سروسز کے لیے اندرون از نیٹ ورک لاگت کے اشتراک سے زیادہ مریضوں کو بل .

**کسی اندرون از نیٹ ورک اسپتال یا ایمبولیٹری سرجیکل سینٹر پر کچھ سروسز** آپ کے کسی اندرون از نیٹ ورک اسپتال یا ایمبولیٹری سرجیکل سینٹر سے سروسز حاصل کرنے پر، وہاں موجود کچھ فراہم کنندگان بیرون از نیٹ ورک ہو سکتے ہیں۔ ایسی صورتوں میں، وہ فراہم کنندگان جو زیادہ سے زیادہ بل آپ کو دے سکتے ہیں وہ آپ کے منصوبے کی اندرون از نیٹ ورک لاگت کے اشتراک کی رقم ہوتی ہے۔ اس کا اطلاق ہنگامی دوا، بے ہوشی کی دوا، پتھالوجی، ریڈیالوجی، لیبارٹری، نیوناٹولوجی، اسسٹنٹ سرجن، ہاسپٹلسٹ، یا انتہائی نگہداشت کی سروسز پر ہوتا ہے۔ یہ فراہم کنندگان آپ کو بیلنس بل نہیں دے سکتے اور نہ ہی آپ سے بیلنس بل نہ دیے جانے کی اپنی حفاظتوں سے دستبردار ہونے کا کہہ سکتے ہیں۔

اگر ان اندرون از نیٹ ورک مراکز میں آپ دیگر اقسام کی سروسز حاصل کرتے ہیں، تو بیرون از نیٹ ورک فراہم کنندگان آپ کو بیلنس بل **نہیں دے سکتے**، تاوقتیکہ آپ تحریری رضامندی فراہم کریں اور اپنی حفاظتوں سے دستبردار ہو جائیں۔

---

**آپ سے کبھی بیلنس بلنگ کے حوالے سے اپنی حفاظتوں سے دستبردار ہو جانے کا تقاضا نہیں کیا جاتا۔ آپ کا بیرون از نیٹ ورک نگہداشت حاصل کرنا بھی ضروری نہیں ہے۔ آپ اپنے منصوبے کے نیٹ ورک میں کسی فراہم کنندہ یا مرکز کا انتخاب کر سکتے ہیں۔**

---

## بیلنس بلنگ کی اجازت نہ ہونے پر، آپ کو یہ حفاظتیں بھی حاصل ہوتی ہیں:

- آپ صرف اپنی لاگت کا شیئر ادا کرنے کے ذمہ دار ہیں (جیسے کہ وہ مشترکہ ادائیگیاں، مشترکہ انشورنس، اور قابل منہا رقم جو آپ فراہم کنندہ یا مرکز کے اندرون از نیٹ ورک ہونے کی صورت میں ادا کرتے)۔ آپ کا منصوبۂ صحت کسی اضافی اخراجات کی ادائیگی بیرون از نیٹ ورک فراہم کنندگان اور مراکز کو براہ راست کرے گا۔

**عموماً، آپ کے منصوبۂ صحت پر لازم ہے کہ:**

- آپ کے سروسز کے لیے پہلے سے منظوری حاصل کرنے کی ضرورت کے بغیر ہنگامی سروسز کو کوور کرے (جسے "پیشگی اجازت" بھی کہا جاتا ہے)۔
- بیرون از نیٹ ورک فراہم کنندگان کی جانب سے ہنگامی سروسز کو کوور کرے۔
- آپ پر فراہم کنندہ یا مرکز پر کتنی رقم واجب الادا ہے (لاگت کا اشتراک) اسے اس پر مبنی کرے کہ وہ کسی اندرون از نیٹ ورک فراہم کنندہ یا مرکز کو کتنی ادائیگی کرے گا اور اس رقم کو آپ کے فوائد کی وضاحت میں ظاہر کرے۔
- آپ کی جانب سے ہنگامی سروسز یا بیرون از نیٹ ورک سروسز کے لیے کی جانے والی ادائیگی کی رقم کو آپ کی اندرون از نیٹ ورک قابل منہا رقم اور براہ راست ادائیگی کی حد میں شمار کرے۔

---

**اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو غلط بل دیا گیا ہے، تو سینٹر برائے میڈی کیئر (Medicare) اور میڈی کیڈ (Medicaid) سروسز سے 1.800.985.3059 پر رابطہ کریں۔ وفاقی قانون کے تحت اپنے حقوق کے متعلق مزید معلومات کے لیے cms.gov/nosurprises/consumers ملاحظہ کریں۔ 1.800.792.9770 پر رابطہ کریں یا ملاحظہ کریں nj.gov/health/healthfacilities تاکہ ریاست نیو جرسی کے قانون کے تحت آپ کے حقوق کے متعلق مزید معلومات مل سکیں۔**

---

## آپ کے پاس "نیک نیتی پر مبنی تخمینہ" حاصل کرنے کا حق موجود ہے جو وضاحت کرتا ہے کہ آپ کی نگہداشت صحت پر کتنی لاگت آئے گی۔

قانون کے مطابق، نگہداشت صحت فراہم کنندگان پر ایسے مریضوں کو ان کی جانب سے نگہداشت صحت کی اشیاء اور سروسز استعمال کیے جانے سے پہلے ان سروسز یا اشیاء کے حوالے سے ان کے بل کا تخمینہ فراہم کرنے کی ضرورت ہے جو ***غیر انشورنس یافتہ ہیں یا سروسز کے لیے براہ راست ادائیگی (بذات خود دائیگی) کر رہے ہیں۔***

- آپ کو نگہداشت صحت کی کسی اشیاء یا سروسز کی کُل متوقع لاگت کے حوالے سے درخواست کیے جانے یا ایسی اشیاء یا سروسز کو شیڈول کیے جانے پر نیک نیتی پر مبنی تخمینہ وصول کرنے کا حق حاصل ہے۔ اس میں طبی ٹیسٹس، نسخہ جاتی ادویات، سامان، اور اسپتال کی فیسز جیسے اخراجات شامل ہیں۔
- اگر آپ 3 کاروباری ایام پہلے کسی نگہداشت صحت کی چیز یا سروس کو شیڈول کرتے ہیں، تو یقینی بنائیں کہ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ یا مرکز آپ کو شیڈول کیے جانے کے بعد 1 کاروباری یوم میں نیک نیتی پر مبنی تخمینہ تحریری صورت میں فراہم کرتا ہو۔ اگر آپ نگہداشت صحت کی کوئی چیز یا سروس کم از کم 10 کاروباری ایام پہلے شیڈول کرتے ہیں، تو یقینی بنائیں کہ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ یا مرکز آپ کو شیڈول کرنے کے بعد 3 کاروباری ایام کے اندر تحریری صورت میں نیک نیتی پر مبنی تخمینہ فراہم کرتا ہو۔ آپ کسی چیز یا سروس کو شیڈول کرنے سے پہلے کسی بھی نگہداشت صحت فراہم کنندہ یا مرکز سے نیک نیتی پر مبنی تخمینے کے متعلق دریافت کر سکتے ہیں۔ اگر ایسا ہوتا ہے، تو یقینی بنائیں کہ نگہداشت صحت فراہم کنندہ یا مرکز آپ کے دریافت کرنے کے بعد 3 کاروباری ایام کے اندر تحریری صورت میں نیک نیتی پر مبنی تخمینہ فراہم کرتا ہو۔
- اگر آپ کسی فراہم کنندہ یا مرکز کی جانب سے ایسا بل وصول کرتے ہیں جو اس فراہم کنندہ یا مرکز سے آپ کے نیک نیتی پر مبنی تخمینے سے کم از کم 400$ زیادہ ہے، تو آپ بل پر اعتراض کر سکتے ہیں۔

---

**نیک نیتی پر مبنی تخمینے کے حوالے سے اپنے حق کے متعلق سوالات یا مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں www.cms.gov/nosurprises/consumers، ای میل کریں FederalPPDRQuestions@cms.hhs.gov، یا کال کریں 1.800.985.3059۔**

Cooper University Health Care